جنرل ہسپتال میں نومولود بچوں کو پیدائشی ٹیکہ لگائے بغیر ڈسچارج نہ کرنے کی مہم کامیاب

وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر یاسمین راشد کی ہدایت پر لیبر روم میں خصوصی کاؤنٹر قائم کیا گیا

حکومت پنجاب نے رواں سال سے حفاظتی ٹیکوں کے کورس میں ٹائیفائیڈ ویکسین کا اضافہ کرکے ایک نئی تاریخ رقم کر دی: پروفیسر الفرید ظفر

طب سے وابستہ افراد بالخصوص بچوں کی ویکسی نیشن کے لئے مکمل تندہی اور فرض شناسی کا مظاہرہ جاری رکھیں: پرنسپل پی جی ایم آئی

لیبر روم میں بچوں کو ٹیکہ لگانے کیلئے راؤنڈ دی کلاک سٹاف کی ڈیوٹیاں لگائی گئی ہیں: ڈاکٹر لیلیٰ شفیق

لاہور یکم مارچ:......وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر یاسمین راشد اور سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن حکومت پنجاب کی ہدایت پر لاہور جنرل ہسپتال کے لیبر روم میں نومولود بچوں کو پیدائشی ٹیکہ لگائے بغیر ڈسچارج نہ کرنے کا عمل دسمبر 2020 میں شروع کر دیا گیا تھا جو انتہائی کامیاب رہا ہے اور گزشتہ 3 ماہ کے دوران ایل جی ایچ لیبر روم میں پیدا ہونے والے 1495 بچوں کو ابتدائی پیدائشی انجیکشن لگائے گئے ہیں جبکہ اس سلسلے میں والدین کی کونسلنگ بھی کی گئی ہے۔ پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس سہولت کی فراہمی سے والدین نومولود بچوں کو پیدائشی ٹیکہ لگوانے کے لئے دوبارہ ہسپتال آنے کی زحمت سے بچ گئے ہیں اور اب انہیں لیبر روم میں ہی یہ سہولت حاصل ہو جاتی ہے۔ ڈاکٹر لیلیٰ شفیق نے پرنسپل پی جی ایم آئی کو بریفنگ میں بتایا کہ شیر خوار بچوں کو لازمی ٹیکہ لگانے کے لئے راؤنڈ دی کلاک سٹاف کی ڈیوٹیاں لگائی گئی ہیں۔ اس موقع پر نرسنگ سپروائزر انور سلطانہ، ای پی آئی کی انچارج شہنیلا کومل و دیگر بھی موجود تھے۔

پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ بچوں کو عالمی ادارہ صحت کی ہدایت پر دو سال تک کی عمر میں 11 بیماریوں کے خلاف ٹیکوں کا کورس مکمل کروانا ضروری ہے جس کا آغاز پیدائشی ٹیکہ لگانے سے کیا جاتا ہے جو والدین کو اس بات کی یاددہانی کراتا ہے کہ وہ اپنے بچے کو ٹیکوں کا کورس اولین فرض سمجھ کر پورا کریں تاکہ وہ صحت مند زندگی گزار سکیں اور ایک مثبت معاشرہ تعمیر کرنے میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

پرنسپل پی جی ایم آئی نے مزید کہا کہ محکمہ صحت حکومت پنجاب نے رواں سال سے بچوں کے حفاظتی ٹیکوں کے کورس میں ٹائیفائیڈ ویکسین کا اضافہ کرکے ایک نئی تاریخ رقم کر دی ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار اور اُن کی حکومت عوام کی سہولت کے بارے میں کس قدر دلچسپی لے رہے ہیں اور ہر سطح پر علاج معالجہ کی جدید سہولیات فراہم کرنے کے علاوہ بیماریوں کی روک تھام کے لئے بھی دوررس اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں جس کے لئے تمام وسائل عوام کی فلاح اور صحت کے منصوبوں کی تکمیل میں صرف کیے جا رہے ہیں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے مزید کہا کہ عوام کو نجی و سرکاری ہسپتالوں میں معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے ہیلتھ انصاف کارڈ ترجیحی بنیادوں پر مہیا کیے جا رہے ہیں تاکہ کوئی بھی شخص مالی وسائل نہ ہونے کی صورت میں علاج کی سہولیات سے محروم نہ رہ سکے۔ انہوں نے ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکس پر بھی زور دیا کہ حکومت اور عوام کی توقعات پر پورا اترنے کے لئے بیماروں کے علاج معالجہ کے لئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں اور بالخصوص بچوں کی ویکسی نیشن کے لئے مکمل تندہی اور فرض شناسی کا مظاہرہ جاری رکھیں۔

* * * *

وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد کی ہدایت پر جنرل ہسپتال لیبر روم میں نومولود بچوں کو پیدائشی ٹیکہ لگانے کیلئے قائم کاؤنٹر کا پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر الفرید ظفر معائنہ کر رہے ہیں